HR

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) 219 - (انٹر پارٹ۔II)

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 20

PAPR CODE = 8023

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | چراغ حسن حسرت نے کلکتہ چھوڑنے کے بعد کس شہر میں ملازمت کی: | (A) لاہور | (B) کراچی | (C) دہلی | (D) لکھنؤ |
| 2 | سپر مارکیٹ کتنے بازاروں کا مہاگرو ہے: | (A) 10 | (B) 15 | (C) 20 | (D) 25 |
| 3 | فقیر کی دعا سے بلقیس جہانی بیگم کے ہاں کتنے بچے پیدا ہوئے: | (A) 2 | (B) 3 | (C) 4 | (D) 5 |
| 4 | سبق ''قرطبہ کا قاضی'' کے مصنف کون ہیں: | (A) آغا حشر | (B) میرزا ادیب | (C) امتیاز علی تاج | (D) اشفاق احمد |
| 5 | محمد بن قاسم کی والدہ کا کیا نام تھا: | (A) فہمیدہ | (B) زبیدہ | (C) ناہیدہ | (D) زاہدہ |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | ماں اور بیٹی چرخہ کات ۔۔۔۔ : | (A) رہی ہے | (B) رہی ہیں | (C) رہے ہیں | (D) رہا ہے |
| 7 | معروف کتاب ''پطرس کے مضامین'' بہت دلچسپ ۔۔۔۔ : | (A) ہے | (B) ہیں | (C) تھے | (D) تھیں |
| 8 | تم نے کپڑے استری کر لیے ۔۔۔۔ نہیں: | (A) کہ | (B) پھر | (C) ورنہ | (D) مگر |
| 9 | وہ ضرور آئے گا ۔۔۔۔ مجھے اس نے خود بتایا ہے: | (A) جبکہ | (B) کیوں کہ | (C) خواہ | (D) ورنہ |
| 10 | آپ یہاں تشریف ۔۔۔۔ : | (A) رکھو | (B) رکھ | (C) رکھا | (D) رکھیں |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | کسی جملے میں وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے کون سی علامت لگاتے ہیں: | (A) سکتہ | (B) رابطہ | (C) فجائیہ | (D) واوین |
| 12 | ؛ کس کی علامت ہے : | (A) سکتہ | (B) وقفہ | (C) رابطہ | (D) علامت حذف |
| 13 | کوئی تفصیل دینے کے لیے علامت لگاتے ہیں: | (A) ختمہ | (B) تفصیلیہ | (C) رابطہ | (D) واوین |
| 14 | کسی کا قول ہو بہو تحریر کرنا ہو تو قول کے شروع اور آخر میں کون سی علامت لگاتے ہیں: | (A) قوسین | (B) ندائیہ | (C) واوین | (D) وقفہ |
| 15 | واوین کی علامت ہے : | (A) ؛ | (B) '' '' | (C) ( ) | (D) ۔۔۔۔۔ |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | لگنا : | (A) بچے کو نیند آنے لگی۔ | (B) نفیس کو گرمی لگی۔ | (C) اسے ٹھوکر لگی۔ | (D) اس کی آنکھ لگی۔ |
| 17 | چاہنا : | (A) میں پاکستان کو چاہتا ہوں۔ | (B) بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔ | (C) میرے چاہنے سے کیا ہوتا ہے۔ | (D) چاہنا، نہ چاہنا، کس کے بس میں ہے۔ |
| 18 | نکلنا : | (A) فریدہ جھوٹی نکلی۔ | (B) بات چل نکلی۔ | (C) وہ دور نکل گئی۔ | (D) خواب سچا نکلا۔ |
| 19 | پانا : | (A) ایک پاؤ دہی لاؤ۔ | (B) کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا پڑتا ہے۔ | (C) اس نے اپنی منزل پا لی۔ | (D) وہ وقت پر نہ پہنچ پایا۔ |
| 20 | رکھنا : | (A) کھیل میں کیا رکھا ہے۔ | (B) مجھے فضول کیوں بٹھا رکھا ہے۔ | (C) قلم کہاں رکھا ہے۔ | (D) چیزیں نیچے رکھ دو۔ |

LHR.

2018 لاہور بورڈ

رول نمبر-----------------(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) | 219 - (انٹرپارٹ-II) | وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) | ( پہلا گروپ ) | کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرمِ سفر رہیں بے رنگیوں میں خالقِ شام و سحر رہیں
شہروں میں انقلاب ، بیاباں میں اِنقلاب محفل میں انقلاب ، شبستاں میں اِنقلاب

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ عید نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,3,10

(الف) غرض پہلی ہی ملاقات میں مزاج دار نے جگن کے ساتھ ایسی بےتکلفی کی کہ اپنا حال جزوکل اس سے کہہ دیا اور جگن نے باتوں ہی باتوں میں تمام بھید معلوم کر لیا۔ ایک پہر کامل جگن بیٹھی رہی۔ رخصت ہونے لگی تو مزاج دار نے بہت منت کی کہ اچھی بی جگن، اب کب آؤ گی؟ جگن نے کہا : "میری بھانجی موم گروں کے چھتے میں رہتی ہے اور بہت بیمار ہے۔ اسی کے علاج کے واسطے میں آگرے سے آئی ہوں۔ اس کے دوا معالجے سے فرصت کم ہوتی ہے۔ مگر ان شاءاللہ دوسرے تیسرے تم کو دیکھ جایا کروں گی۔"

(ورق الٹئے)

LHR.

رول نمبر ............ (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) — 219 - (انٹر پارٹ-II) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) — PAPER CODE = 8028 — کل نمبر : 20

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C ،B ،A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | اکبری کے خاوند کا نام کیا تھا: | (A) محمد عادل | (B) محمد فاضل | (C) محمد عاقل | (D) محمد اکبر |
| 2 | محمد بن قاسم کی والدہ کا کیا نام تھا: | (A) زبیدہ | (B) زاہدہ | (C) نائلہ | (D) فہمیدہ |
| 3 | ٹیلی ویژن کس کی ایجاد ہے: | (A) مارکونی | (B) جان بیرڈ | (C) میکس ویل | (D) ولیم |
| 4 | محسن الملک نے کس ریاست کا بجٹ بنایا تھا: | (A) پٹیالہ | (B) جوناگڑھ | (C) لوہارو | (D) حیدرآباد |
| 5 | اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کب ہوئی: | (A) 1700ء | (B) 1714ء | (C) 1707ء | (D) 1720ء |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | احمد نے کتاب، کاپی اور قلم ---- : | (A) خریدا | (B) خریدے | (C) خریدیں | (D) خریدی |
| 7 | تم خود کام کرتے ہو ---- کرنے دیتے ہو: | (A) تو | (B) اگرچہ | (C) لیکن | (D) نہ |
| 8 | اس کا گھر، جائیداد، دکانیں سب کچھ ---- : | (A) بک گئے | (B) بک گئیں | (C) بک گیا | (D) بک گئی |
| 9 | جناب! تشریف ---- : | (A) لاؤ | (B) لائیں | (C) لو | (D) لایا |
| 10 | ---- وہ بیمار تھا، اس لیے کالج نہ آ سکا: | (A) چونکہ | (B) کیونکہ | (C) اگر | (D) بس |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سوالیہ کی تعریف ہے: | (A) فقرے کی تکمیل | (B) سوال پوچھنا | (C) حیرت کا اظہار کرنا | (D) مختصر ٹھہراؤ |
| 12 | وقفہ کی تعریف ہے: | (A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ | (B) مکمل ٹھہراؤ | (C) مختصر ٹھہراؤ | (D) رابطہ سے زیادہ ٹھہراؤ |
| 13 | قوسین کا دوسرا نام ہے: | (A) خطوطِ وحدانی | (B) وقفِ لازم | (C) وقفِ مطلق | (D) وقفِ مطابق |
| 14 | سچ ہے ---- لالچ بُری بلا ہے۔ یہاں علامت آئے گی: | (A) ، | (B) : | (C) ـ | (D) ؟ |
| 15 | تفصیلیہ سے مراد ہے: | (A) وضاحت کرنا | (B) جملے کو مکمل کرنا | (C) جذبے کا اظہار کرنا | (D) غصے کا اظہار کرنا |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | سکنا : | (A) وہ سکتہ میں آ گیا۔ | (B) تم جا سکتے ہو۔ | (C) تم کیا کہہ نہیں سکتے۔ | (D) وہ نہیں آ سکے گا۔ |
| 17 | پانا : | (A) اس نے سزا پائی۔ | (B) میں نے اپنی منزل پائی۔ | (C) مقصد پانا آسان نہیں۔ | (D) میں جلد کام ختم کر پایا۔ |
| 18 | لینا : | (A) وہ کتاب لے آیا۔ | (B) جلدی سے کتاب لاؤ۔ | (C) زاہدہ نے روزہ افطار کرلیا۔ | (D) وہ سودا سلف لیتا ہے۔ |
| 19 | ڈالنا : | (A) قلم مت توڑو۔ | (B) جیب میں ہاتھ ڈالو۔ | (C) ذمیہ کام کر ڈالو۔ | (D) یہاں پانی ڈالو۔ |
| 20 | چکنا : | (A) وہ حساب چکا دے گا۔ | (B) وہ جا چکا ہے۔ | (C) اب جا بھی چکو۔ | (D) یہاں سے کتاب چک دو۔ |

152-219-II-(Objective Type)-21750 (8028)

LHR.



3۔ (ب) پرووسٹ کے دفتر میں سب سے اہم عہدے پر ہونے کے سبب ان کا سابقہ اساتذہ ، بیرا ، باورچی ، نائی، چپڑاسی، بھنگی، بہشتی سب ہی سے براہِ راست پڑتا تھا۔ طلبہ کو خوش اور مطمئن رکھنا معمولی بات نہیں ہے۔ ان کا ایوب صاحب سے طرح طرح سے سابقہ پڑتا تھا۔ وہ ہر طالب علم کے خاندانی حالات و معاملات سے واقف رہتے تھے اور اسی اعتبار سے اُن سے سلوک کرتے تھے۔ اس لیے ہر طالب علم اُن کو اپنے گھر کے بزرگ اور خیراندیش کی حیثیت سے دیکھتا تھا۔ یونیورسٹی میں اسٹرائیک ہے۔ لڑکے ہیں کہ بےقابو ہوئے جاتے ہیں لیکن ایوب صاحب کا جادو برابر کام کر رہا ہے۔ ایسے زمانے میں ان کا طرزِ عمل لڑکوں سے وہی ہوتا جو میدانِ جنگ میں صلیبِ احمر کا ہوتا ہے۔

1,9 4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے :

(الف) نواب محسن الملک ۔ (ب) قرطبہ کا قاضی ۔

5 5۔ احسان دانش کی نظم ” تغیر “ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

20 6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے :

(الف) معاشرتی برائیاں اور اُن کا سدِّباب ۔ (ب) قوموں کی ترقی کا راز ۔

( ج ) گداگری ایک لعنت ۔

10 7۔ والدِ محترم کو خط لکھ کر اپنے امتحانات کی تیاری سے آگاہ کیجیے۔